لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

روزنامہ
# برائٹ سٹار

گروپ چیئرمین
نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر آصف سیٹھی

سنیئر ایڈیٹر
محمد یونس مغل

گوجرانوالہ
پاکستان

ایگزیکٹو ایڈیٹر
مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 14 | بروز منگل 20 فروری 2024ء ، 09 شعبان المعظم 1445ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ: 169

## وفاقی محتسب ان ایکشن: گیپکو نے 30 ہزار اضافی یونٹس واپس لے لیے

### اکتوبر 2023 میں بغیر کسی وجہ کہ 30، ہزار اضافی یونٹس چارج کئے ہیں جو کہ 17 لاکھ 94 ہزار 758 روپے بنتے ہیں

### اکتوبر کے مہینے میں ایک یونٹ بھی استعمال نہیں کیا اس نے کئی مرتبہ ایجنسی سے درخواست کی کہ اسے جو غلط یونٹس چارج کئے گے ہیں

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) اسسٹنٹ رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ کے دفتر سے جاری ہونے والی پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ محمد ارشاد، جو کہ گلوٹیاں کرد، تحصیل ڈسکہ، ضلع سیالکوٹ کا رہائشی ہے کو گیپکو نے کمرشل الیکٹری سٹی میٹر پر جس کا ریفرنس نمبر 30122121735601 ہے کو اکتوبر 2023 میں بغیر کسی وجہ کہ 30، ہزار اضافی یونٹس چارج کئے ہیں جو کہ 17 لاکھ 94 ہزار 758 روپے بنتے ہیں جبکہ اس نے اکتوبر کے مہینے میں ایک یونٹ بھی استعمال نہیں کیا اس نے کئی مرتبہ ایجنسی سے درخواست کی کہ اسے جو غلط یونٹس چارج کئے گے ہیں وہ واپس لیے جائیں لیکن اس کی شنوائی نہ ہوئی بالآخر اس نے ایجنسی کے رویے سے دلبرداشتہ ہو کر وفاقی محتسب، گوجرانوالہ کے دفتر میں اپنی درخواست جمع کروائی کہ ایجنسی نے بغیر وجہ کے مجھے 30، ہزار اضافی یونٹس چارج کیے ہیں اس کے کیس کی شنوائی وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، گوجرانوالہ آفس میں ہوئی اور اس کا موقف صحیح مانا گیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی صاحب کی ہدایت پر گیپکو گوجرانوالہ نے اس کو چارج کئے گے 30، ہزار اضافی یونٹس واپس لے لیے اور اس کے بل کو ٹھیک کر دیا محمد ارشاد نے اس سلسلے میں عزت مآب وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی صاحب اور جناب میاں محمد شفیع کا شکریہ ادا کیا کہ ان کی بروقت مداخلت سے اس کا مسئلہ حل ہوا اور کہا کہ یہ وہ واحد ادارہ ہے جو لوگوں کو مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔